# روبرکس ماڈل پیپر مطالعہ پاکستان۔جماعت دہم

نوٹ: سیکشن الف کے تمام سوالات حل کرنے کے لیے MCQs Response Sheet پر درست جواب والے دائرہ میں رنگ بھریں۔
MCQs کی حل شدہ جوابی شیٹ مقررہ وقت میں سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کرنالازمی ہے۔

## سیکشن۔الف

**وقت:**15منٹ **نمبر:**10

**سوال نمبر1: ہر جزو کے چار ممکنہ جوابات ہیں۔درست جواب پر دائرہ لگائیں۔**

1۔پاکستان کے 1973ء کے آئین کی کل دفعات ہیں:

الف) 260 ب) **280** ج) 300 د) 320

2۔اقوام متحدہ کی نگرانی میں پاکستانی فوجی دستے دنیا کے مختلف ممالک میں تعینات کیے جاتے ہیں جن کا مقصد ہوتا ہے:

الف) حکومت تبدیل کرنا ب) قبضہ کرنا ج) جنگ کرنا د) **امن قائم کرنا**

3۔پاکستان کی محمد بن قاسم بندرگاہ کی تعمیر کا ایک بنیادی مقصد تھا:

الف) افغانستان سے تجارت ب) افریقی ممالک سے تجارت ج) **سٹیل مل کی تعمیر اور تجارتی سرگرمیاں** د) ماہی گیری کی تجارتی سرگرمیاں

4۔2000ء میں قائم کیے گئے مقامی حکومتوں کے نظام کے کل مدارج (درجے) تھے:

الف) دو ب) **تین** ج) چار د) پانچ

5۔قومی مالیاتی کمیشن کے قیام کا اہم مقصد تھا:

الف) **صوبائی مالی خود مختاری** ب) وفاقی مالی خود مختاری ج) اخراجات میں کمی د) ٹیکسوں میں اضافہ

6۔پاکستان میں 15 سے 64 سال کے درمیان کی عمر کی عورتوں کا کل آبادی میں حصہ ہے:

الف) 43.1٪ ب) 43.2٪ ج) 53.3٪ د) **53.6٪**

7۔پاکستان میں تھرمل ذرائع سے بجلی حاصل ہوتی ہے:

الف) 55٪ ب) 60٪ ج) 65٪ د) **70٪**

8۔اقلیتوں کے حقوق کے حوالے سے قائدِاعظم کا آئین ساز اسمبلی میں خطاب کا اہم نکتہ تھا:

الف) سفری آزادی ب) **مذہبی آزادی** ج) روزگار کی فراہمی د) خوراک کی فراہمی

9۔پاکستان کی خارجہ پالیسی کے اہم مقاصد ہیں:

الف) قومی سلامتی۔معاشی ترقی۔معاشرتی برتری ب)۔معاشی ترقی۔عالمی تنہائی۔قومی سلامتی ج) قومی سلامتی۔علاقائی برتری۔نظریاتی تحفظ
د) **قومی سلامتی۔معاشی ترقی۔نظریاتی تحفظ**

10۔صنعتیں ملکی ترقی کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے کیوں کہ

الف) خام مال کا استعمال کم ہوجاتا ہے ب) **معیار زندگی بہتر ہوجاتا ہے** ج) درآمدات میں اضافہ ہوجاتا ہے د) برآمدات میں کمی آجاتی ہے

| MCQs No. | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Key | ب | د | ج | ب | الف | د | د | ب | د | ب |

# سیکشن۔ب

**وقت:** 1 گھنٹہ 45 منٹ **کل نمبر:** 24

**2۔ درج ذیل میں کوئی سے آٹھ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔**

i۔ نواز شریف پہلی بار کب وزیر اعظم بنے؟ دریائے سندھ کے پانی کی تقسیم کے مسئلے کے حل کے لئے ان کے دور کے دو اہم اقدامات تحریر کریں؟

**جواب:** نواز شریف پہلی بار نومبر 1990ء میں وزیر اعظم بنے۔

دریائے سندھ کے پانی کی تقسیم کے مسئلے کے حل کے لئے اقدامات:

(الف) چاروں صوبوں کے درمیان دریائے سندھ کے پانی کی تقسیم پر معاہدہ ہوا۔

(ب) اس معاہدہ پر عمل درآمد کے لیے دریائے سندھ کے نظام کی اتھارٹی (IRSA) کا قیام ہوا۔

| Checking/ Marking Hint | Marks |
|---|---|
| Each Correct Answer | 1 |
| Three Correct Answers | (1+1+1)=3 |

ii۔ پاکستان امریکی بلاک میں کب شامل ہوا؟ 1965ء اور 1971ء کی پاک بھارت جنگوں میں امریکہ کا رویہ بیان کریں؟

**جواب:** 1950ء کی دہائی میں پاکستان امریکی بلاک کا حصّہ بنا۔

1965ء میں امریکہ نے بھارت کی حمایت میں پاکستان کو اسلحہ کی ترسیل بند کر دی۔

1971ء کی پاک بھارت جنگ میں بھی امریکہ نے پاکستان کی کوئی عملی مدد نہیں کی۔

| Checking/ Marking Hint | Marks |
|---|---|
| Each Correct Answer | 1 |
| Three Correct Answers | (1+1+1)=3 |

iii۔ پاکستان کی مشترکہ ثقافت کی کوئی سی **تین** خصوصیات تحریر کریں۔

**جواب:** (i) مخلوط ثقافت (ii) معاشرت (iii) معاشرت (iv) لباس (v) خوراک (vi) فنون (vii) دستکاریاں (ix) کھیل تماشے اور میلے

(کسی بھی تین نکات (خصوصیات) کی مختصر وضاحت پر تین نمبرز)

| Checking/ Marking Hint | Marks |
|---|---|
| Each Correct Answer | 1 |
| Three Correct Answers | (1+1+1)=3 |

iv۔ اکتوبر 2002ء کے عام انتخابات میں قومی اسمبلی کی کل نشستیں کتنی تھیں؟ نیز ان میں سے مسلم لیگ اور پیپلز پارٹی نے کتنی کتنی نشستیں حاصل کیں؟

**جواب:** اکتوبر 2002ء کے عام انتخابات میں قومی اسمبلی کی کل نشستیں 272 تھیں۔ ان میں سے مسلم لیگ (ق) نے 72 جبکہ پیپلز پارٹی نے 63 نشستیں حاصل کیں۔

| Checking/ Marking Hint | Marks |
|---|---|
| Each Correct Answer | 1 |
| Three Correct Answers | (1+1+1)=3 |

v۔ اسلامی کانفرنس تنظیم (OIC) کے رکن ممالک کی تعداد کتنی ہے؟ اس تنظیم کے کوئی سے دو اہم اغراض و مقاصد تحریر کریں؟

**جواب:** اسلامی کانفرنس تنظیم (OIC) کے رکن ممالک کی تعداد 57 ہے۔

**اغراض و مقاصد:**

- عالم اسلام کے مسائل حل کرنا
- مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں فلسطینیوں کی مدد کرنا اور ان کی جدوجہدِ آزادی کی حمایت کرنا
- مسلمانوں کے مقدس مقامات کو یقینی تحفظ فراہم کرنا
- اسلامی کانفرنس تنظیم (OIC) کے رکن ممالک کی آزادی اور سالمیت کا تحفظ اور رکن ممالک میں اخوت اور بھائی چارہ کیلئے فروغ کی کوششیں کرنا۔

| Checking/ Marking Hint | Marks |
|---|---|
| Each Correct Answer | 1 |
| Three Correct Answers | (1+1+1)=3 |

vi۔ درآمدات اور برآمدات سے کیا مراد ہے؟ نیز معاشی اصطلاح میں تجارتی خسارہ کسے کہا جاتا ہے؟

**جواب:**

**درآمدات:** ملکی ضروریات کے پیش نظر کوئی ملک جو اشیاء بیرونی ممالک سے منگواتا ہے، اسے درآمدات کہا جاتا ہے۔

**برآمدات:** ایک ملک کے پاس جو اشیاء اس کی ضروریات سے زائد ہوتی ہیں وہ بیرونی ممالک پر بیچ دی جاتی ہیں، اسے برآمدات کہا جاتا ہے۔

**تجارتی خسارہ:** ایک مقررہ مدت کے دوران جب کسی ملک کی درآمدات اس کی برآمدات سے زیادہ ہو جائے، تو اسے تجارتی خسارہ کہا جاتا ہے۔

| Checking/ Marking Hint | Marks |
|---|---|
| Each Correct Answer | 1 |
| Three Correct Answers | (1+1+1)=3 |

vii۔ غربت کے خاتمے کے کوئی سے تین اقدامات تحریر کریں۔

**جواب:**

**تعلیم:** تعلیم کو عام اور با مقصد بنا کر۔

**صنعتوں کا قیام:** ملک میں صنعتوں کا جال بچھا کر۔

**زرعی اصلاحات:** ملک میں زرعی اصلاحات کے نفاذ سے۔

**بیرون ملک ملازمت:** بیرونِ ملک غریب عوام کیلئے روزگار کے مواقع فراہم کرنا۔

کرپشن، سمگلنگ، اور رشوت ستانی کا خاتمہ کرنا۔

| Checking/ Marking Hint | Marks |
|---|---|
| Each Correct Answer | 1 |
| Three Correct Answers | (1+1+1)=3 |

viii۔ کس اہم واقعہ کے بعد پرویز مشرف کی حکومت میں روشن خیال اعتدال پسندی کے الفاظ کا استعمال شروع ہوا؟ نیز مشرف کے نزدیک ان الفاظ سے کیا مراد تھی؟ دو نکات لکھیں۔

**جواب:** 11 ستمبر 2001ء کو امریکہ کے ورلڈ ٹریڈ سنٹر اور پینٹاگون پر حملے کے بعد کے حالات کے پیشِ نظر پرویز مشرف کی حکومت میں روشن خیال اور اعتدال پسندی کے الفاظ کا استعمال شروع ہوا۔

مشرف کے نزدیک ان الفاظ کے استعمال سے مراد

(الف) اس وقت کے حالات کے مطابق پاکستان کو دنیا طالبان کا حامی گرداں رہی تھی، اور امریکہ افغانستان کو ورلڈ ٹریڈ سنٹر اور پینٹاگون پر حملوں کا ذمہ دار قرار دے رہی تھا۔ پاکستان نے امریکہ کو ہر ممکن مدد کی پیش کش کر دی۔

(ب) دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پاکستان نے باقاعدہ تعاون کا آغاز کیا۔

| Checking/ Marking Hint | Marks |
|---|---|
| Each Correct Answer | 1 |
| Three Correct Answers | (1+1+1)=3 |

ix۔ پاکستان کے کتنے فیصد زیر کاشت رقبے کو نہروں سے سیراب کیا جاتا ہے۔ نیز آبپاشی کے دو اہم ذرائع کے نام لکھیں؟

**جواب:** پاکستان کے زیرِ کاشت زرعی رقبے کا 70٪ نہروں سے سیراب کیا جاتا ہے۔

**اہم آبپاشی کے ذرائع:**

(الف) ٹیوب ویل (ب) کنویں (ج) کاریز (د) بیراج (ذ) ڈیم

| Checking/ Marking Hint | Marks |
|---|---|
| Each Correct Answer | 1 |
| Three Correct Answers | (1+1+1)=3 |

x۔ پاکستانی معاشرہ کو درپیش مسائل میں سے تین اہم مختصراً بیان کریں۔

**جواب: پاکستانی معاشرہ کو درپیش مسائل:**

1. جہالت 2. غربت 3. صحت کے مسائل 4. معاشرتی ناہمواری 5. جہیز کی لعنت 6. جاگیرداری نظام 7. سمگلنگ اور منشیات

8. دہشت گردی 9. چائلڈ لیبر 10. کرپشن

(ان میں سے کوئی سے تین اہم مسائل پر مختصراًوضاحت پر تین نمبر)

| Checking/ Marking Hint | Marks |
|---|---|
| Each Correct Answer | 1 |
| Three Correct Answers | (1+1+1)=3 |

xi۔ پاکستان کی ملکی دولت کا کتنے فیصد زراعت سے حاصل ہوتا ہے۔ نیز "معیشت میں زراعت کی اہمیت" کے دو اہم نکات تحریر کریں۔

**جواب:** پاکستان کی ملکی دولت کا 32 فیصد (تقریباً) زراعت سے حاصل ہوتا ہے۔

**"معیشت میں زراعت کی اہمیت":**

(الف) زراعت صنعتوں کیلئے خام مال مہیا کرتا ہے۔

(ب) زراعت پر مبنی صنعتیں معاشی ترقی، روزگار کی فراہمی اور تجارت میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

(ج) زراعت سے خوراک کی ضروریات پوری ہوتی ہیں۔ (وغیرہ وغیرہ)

| Checking/ Marking Hint | Marks |
|---|---|
| Each Correct Answer | 1 |
| Three Correct Answers | (1+1+1)=3 |

# سیکشن۔ج

**نمبر:**16

**درج ذیل میں کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔**

3۔ ذوالفقار علی بھٹو نے پہلی مرتبہ کب اور کس حیثیت سے اقتدار سنبھالا؟ نیز بھٹو حکومت کی اہم آٹھ لیبر اصلاحات تحریر کریں۔

**جواب:** ذوالفقار علی بھٹو نے پہلی مرتبہ 20 دسمبر 1971ء کو پہلی مرتبہ سویلین مارشل لاء ایڈ منسٹریٹر کی حیثیت سے اقتدار سنبھالا۔

**بھٹو حکومت کی لیبر اصلاحات:**

ذوالفقار علی بھٹو نے سویلین مارشل لاء ایڈ منسٹریٹر کی حیثیت سے مزدوروں کے حالات کو سدھارنے کیلئے درج ذیل لیبر اصلاحات کا اعلان کیا۔

(i) مزدوروں کیلئے قانون سازی کی گئی۔

(ii) مزدوروں کے بنیادی حقوق کو اولیت دیتے ہوئے مراعات کا اعلان کیا۔

(iii) سرمایہ داروں کے ہاتھوں مزدوروں کے استحصال کی عملی روک تھام کی کوشش کی گئی۔

(iv) مزدوروں کو میڈیکل کی سہولت اور زخمی ہونے کی صورت میں معاوضہ لازمی قرار دیا گیا۔

(v) مزدوروں کیلئے بونس کی ادائیگی لازمی قرار دی گئی۔

(vi) مزدوروں کیلئے اضافی وقت میں کام لینے کی صورت میں اوور ٹائم کی سہولت دی گئی۔

(vii) مزدور تحریک اور ٹریڈ یونین کے نظام کو بھی تحفظ دیا گیا۔

(viii) مزدوروں کیلئے بڑھاپے کی پنشن اور اجتماعی بیمہ لازمی قرار دیا گیا۔

(ix) بغیر کسی معقول وجہ کے نوکری سے برخاست کرنے پر پابندی لگائی گئی۔

(x) مزدوروں کے بچوں کو تعلیم کی سہولت فراہم کرنے پر زور دیا گیا۔

| Checking/ Marking Hint | Marks |
|---|---|
| Date, designation | 1+1 |
| 1 Mark for each correct point | (1+1+1+1+1+1) =6 |

4۔ پاکستان میں زرعی پیداوار بڑھانے کے اہم آٹھ اقدامات کی وضاحت کریں۔

**جواب:** زرعی پیداوار بڑھانے کے لیے درج ذیل اہم اقدامات اٹھائے جاسکتے ہیں۔

(i) **سیم و تھور پر قابو:** تمام ممکنہ وسائل کا استعمال کر کے اس مسئلہ پر قابو پا کر زرعی پیداوار کو بڑھایا جاسکتا ہے۔

(ii) **زرعی تعلیم:** زرعی تحقیق اور کسانوں کو جدید زرعی طریقوں سے روشناس کروا کر زرعی پیداوار بڑھائی جاسکتی ہے۔

(iii) **زرعی اصلاحات:** زرعی شعبے میں اصلاحات متعارف کروا کر زرعی پیداوار بڑھائی جاسکتی ہیں۔ جس سے کسانوں کی زندگی میں بھی خوشحالی آسکتی ہے۔

(iv) **غیر استعمال شدہ زمین:** جاگیرداروں کے پاس لاکھوں ایکڑ زمین بیکار پڑی ہے، جسے زراعت کیلئے استعمال کر کے اس مسئلہ پر قابو پایا جاسکتا ہے۔

(v) **زرعی تحقیقی ادارے:** زرعی تحقیقی اداروں کے ذریعے کسانوں کو جدید زرعی طریقوں سے آگاہ کر کے زرعی پیداوار کو بڑھایا جاسکتا ہے۔

(vi) **کیمیائی کھاد:** کیمیائی کھادوں کے استعمال سے زرعی پیداوار کو کئی گنا بڑھایا جاسکتا ہے۔

(vii) **زرعی قرضوں کی فراہمی:** حکومت کی یہ ذمہ داری ہے کہ زرعی پیداوار کو کئی گنا بڑھانے کیلئے کسانوں کو کم مارک اپ پر زرعی قرضوں کی سکیمیں شروع کرے، جس سے کسان زرعی پیداوار کو بڑھانے کے اقدامات کر سکیں۔

(viii) **آب پاشی کی سہولیات:** زرعی زمینوں کو ضرورت کا پانی فراہم کرنے کیلئے ٹیوب ویلوں کا قیام، چھوٹے چھوٹے ڈیم اور بیراج کی تعمیر کر کے زرعی پیداوار کو بڑھایا جاسکتا ہے۔

(ix) **جدید آلات کی فراہمی:** بنجر زمینوں کو زیر کاشت لانے کیلئے جدید آلات کاشتکاری کی فراہمی سے زرعی پیداوار میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔

(x) **سیلاب کی روک تھام:** نئے ڈیم بنا کر اور نہروں کے پشتے مضبوط کر کے کھڑی فصلوں کو سیلاب کی تباہ کاریوں سے محفوظ کر کے زرعی پیداوار کو بڑھایا جاسکتا ہے۔

(xi) **رہائشی کالونیاں:** حکومت کو بارانی علاقوں میں رہائشی کالونیاں بنانے کی حوصلہ افزائی کرے اور نہری زمین پر مکانات کی تعمیر پر پابندی لگائے۔

| Checking/ Marking Hint | Marks |
|---|---|
| 1 Mark for each correct point | (1+1+1+1+1+1+1+1) =8 |

5۔ پاکستان کے شہروں اور دیہاتوں میں آبادی کے اعداد و شمار اور وسائل پر درج ذیل چارٹ کی مدد سے ہر عنوان پر **دو دو نکات** سے تجزیہ کریں۔

| نمبر شمار | عنوانات | شہری و دیہاتی علاقے |
|---|---|---|
| 1 | دونوں میں آبادی کا موجودہ تناسب | شہری آبادی 36٪ ، دیہاتی 64٪ |
| 2 | دونوں علاقوں میں آبادی کے مسائل | **شہری علاقے کے مسائل:** بنیادی ضروریات زندگی زیادہ آبادی کیلئے میسر نہیں، (بجلی، صاف پانی، گیس، صحت افزاء ماحول وغیرہ)۔<br>**دیہاتی علاقے کے مسائل:** صحت، تعلیم، نقل و حمل کی سہولیات نہ ہونے کے برابر۔ |
| 3 | بڑھتی آبادی کی وجوہات | **شہری علاقے:** دیہاتوں کی نسبت شہر میں بہتر سہولیات کی وجہ سے شہری زندگی پر دباؤ۔<br>**دیہاتی علاقے:** دیہاتی علاقوں میں آبادی میں بڑھنے کی بڑی وجہ تعلیم کی کمی۔ |
| 4 | بڑھتی آبادی کے مسائل کا حل | **شہری علاقے:** شہر میں آبادی کے تناسب سے صحت، روزگار، تعلیم، رہائش وغیرہ کی سہولیات کی فراہمی اور اس کے ساتھ ساتھ بجلی، گیس، صاف پانی کی فراہمی اور امن وامان کا قیام مسائل کا حل ہے۔<br>**دیہاتی علاقے:** دیہی علاقوں میں زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی، اچھی تعلیم کے مواقع کی فراہمی، بہترین سڑکوں کا قیام تاکہ شہروں تک رسائی آسان ہو، اس کے ساتھ ساتھ معیاری ہسپتالوں کا قیام تاکہ لوگوں کو ان کی دہلیز پر صحت کی سہولیات میسر ہو تاکہ وہ شہری زندگی پر دباؤ کا ذریعہ نہ بنیں۔ |

| Checking/ Marking Hint | Marks |
|---|---|
| Each Correct Part Carry 2 Mark | 2(1+1) +2(1+1) + 2(1+1) + 2(1+1) =8 |